سوال

(519) فحش مجلات اور ویڈیو کی کیسٹوں کو اس لیے دیکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیا فحش مجلات اور ویڈیو کی کیسٹوں کو اس لیے دیکھنا جائز ہے کہ ان کی خرابی وبرائی کو طشت ازبام کر کے ان سے بچایا جاسکے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ہاں یہ واجب ہے کہ فحش اور مخرب اخلاق کیسٹوں اور فلموں پر نظر رکھی جائے بلکہ تمام نقصان دہ چیزوں پر نظر رکھی جائے خواہ ان کا تعلق ٹیلی وژن 'مجلات 'ریڈیو 'صحافت اور ویڈیو وغیرہ میں سے کسی سے بھی ہو۔ واجب ہے کہ کوئی ایسا شخص ہو جو ان چیزوں کی نگرانی کرے تاکہ شر کو روکا اور خیر کو پھیلایا جاسکے خواہ ایسا شخص اجرت پر ہی کیوں نہ رکھنا پڑے ۔ اس کی اجرت بھی حلال ہوگی بشرطیکہ مقصود یہ ہو کہ خیر کو معلوم کر کے اس کی اجازت دی جائے ۔ جو شخص دنیوی معاوضہ لے کر یہ کام کرے تو دنیوی معاوضة کے ساتھ ساتھ اسے اخروی اجر وثواب بھی ملے گا ۔ یہ بات ان عامة الناس کے لیے بھی ہے 'جوان چیزوں کو اس لیے دیکھیں تاکہ ذمہ دار لوگوں تک ان کے بارے میں بات پہنچا سکیں تاکہ لوگ اس سے بچ سکیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص392

محدث فتویٰ